اور سیاسی نظام اور اس کے مختلف پہلوؤں پر مولانا ابوالکلام آزاد، سرسید، مولانا شبلی۔ مولوی چراغ علی
پروفیسر آرنلڈ۔ مولانا محمد حفظ الرحمٰن وغیرہم قدیم وجدید مصنفین کے چیدہ چیدہ مضامین ومقالات کا
انتخاب ہو۔ انتخاب کرتے وقت فاضل مرتب نے اُن جدید معاملات ومسائل کو پیش نظر رکھا ہے جو فلسفہ
اور سائنس کی غیر معمولی ترقی اور اس کے تہذیبی وتمدنی اثرات کی وجہ سے مسلمانوں کو درپیش ہیں۔ یہ
موصوف کی وسعت نظر اور حسن ذوق کی دلیل ہے اور اس بنا پر یہ اس لائق ہو کہ اسکولوں اور کالجوں کے
اسلامی تعلیمات کے مضامین میں شامل کیا جائے۔

سیرت رسول کریمؐ از مولانا محمد حفظ الرحمٰن سیوہاروی۔ تقطیع خورد ضخامت ۳۰۶
صفحات۔ کتابت وطباعت بہتر۔ قیمت چار روپیہ۔ پتہ:۔ الجمعیۃ بکڈپو۔ گلی قاسم جان۔ دہلی ۶
یہ کتاب مولانا کی اب سے کم وبیش تیس برس پہلے کی تصنیف ہو۔ قبولِ عام کی وجہ سے بہت سے اسلامی
مدارس اور اسکولوں کے نصاب میں برابر شامل رہی ہے اور اب تک اس کے متعدد ایڈیشن شائع ہوچکے ہیں۔ یہ
اس کا آخری ایڈیشن ہے جو مولانا کی نظرثانی اور بعض مضامین کے اضافہ کے ساتھ بڑی آب وتاب سے شائع
کیا گیا ہے۔ سیرت پر چھوٹی بڑی سیکڑوں کتابیں اُردو میں نکل چکی ہیں اور یہ سلسلہ برابر جاری ہے اور جاری
رہے گا۔ مگر اس کی خصوصیات یہ ہیں (۱) ہر عنوانِ باب کے نیچے اور اس کے مناسبِ حال قرآن مجید کی آیات اور احادیث
نقل کی ہیں تاکہ قاری کے ذہن پر نفسیاتی طور سے یہ اثر ہو کہ وہ جو کچھ پڑھ رہا ہو اس کا اصل سرچشمہ قرآن وحدیث ہے
(۲) ہر مضمون کے خاتمہ پر اُس کا خلاصہ اور اُس سے متعلق سوالات لکھے ہیں تاکہ قاری نے جو کچھ پڑھا ہے وہ اس کے
ذہن میں مستحضر ہوجائے (۳) سیرت مبارکہ کے صرف واقعات بیان کرنے پر قناعت نہیں کی گئی بلکہ ضمناً جو
مباحث پیدا ہوتے گئے ہیں اُن پر بھی مختصر مگر جامع اور سنجیدہ بحث کی گئی ہے (۴) شروع میں ایک مقدمہ
ہے جس میں تاریخ کی اہمیت وضرورت، اس کے ماخذ اور پھر تاریخ عالم میں سیرت کی اہمیت اور اُس کے فوائد پر
روشنی ڈالی گئی ہو۔ امید ہے کہ ان خوبیوں کے ساتھ ظاہری دیدہ زیبی کے باعث یہ ایڈیشن پہلے ایڈیشنوں سے
بھی زیادہ مقبول عوام وخواص ہوگا۔

"مکتبہ برہان" اردو بازار جامع مسجد دہلی ۶ سے بھی یہ کتاب ملے گی۔